سوال

(47) ایک جنازہ پر لوگ نماز جنازہ سے فارغ ہوگئے ہوں پھر بعد نماز کے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک جنازہ پر لوگ نماز جنازہ سے فارغ ہوگئے ہوں پھر بعد نماز کے اور قبل دفن کے ایک یا دو آدمی یا زیادہ آجاویں اوران کو نماز جنازہ نہ ملی ہو توکیا وہ لوگ دوبارہ جنازہ مذکور پر نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صورت مسئولہ میں جنازہ مذکور پر دوبارہ نماز جنازہ پڑھ سکتے ہیں اس واسطے کہ نماز جنازہ ایک دفعہ ہوجانے کے بعد پھر دوبارہ پڑھنا ان لوگوں کو درست ہے جن کو نماز جنازہ نہ ملی ہوایک مرتبہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے رات کے وقت ایک شخص کے جنازہ کی نماز پڑھ کراس کو دفن کر دیا اوررات کی تاریکی کی وجہ سے رسول اللہ ﷺ کو خبر نہ کی صبح کو جب آپ کو خبر ہوئی توآپ نے اس کی قبر پرجنازہ کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھی جیساکہ حدیث متفق علیہ میں ہے۔ پس جب بعد دفن کے قبر پر جنازہ کی نماز دوبارہ پڑھنی جائز ہے۔ توقبل دفن کے میت پرجنازہ کی نماز دوبارہ پڑھنی توبدرجہ اولیٰ جائز ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (فتاویٰ نذیریہ جلد نمبر ۱ ص ۶۴۷)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 88

محدث فتویٰ